نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

کپاس کی کاشت کے ہدف کو یقینی بنانے کے لئے جنوبی پنجاب کی نہروں میں پانی ترجیحاً فراہم کیا جا رہا ہے۔سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو

لاہور15 مئی2023: سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو اور سیکرٹری آبپاشی پنجاب واصف خورشید کی زیرِ صدارت کپاس کی کاشت کے دوران جنوبی پنجاب کی نہروں میں پانی کی فراہمی کے متعلق جائزہ اجلاس محکمہ آبپاشی لاہور میں منعقدہ ہوا۔اجلاس میں ڈائریکٹر جنرل زراعت (توسیع) ڈاکٹر محمد انجم علی، چیف انجنیئر حبیب اللہ بودلہ اور ڈپٹی ڈائریکٹر محمد عدیل کے علاوہ دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔اس موقع پر سیکرٹری آبپاشی واصف خورشید نے کہا کہ محکمہ آبپاشی ترجیحی بنیادوں پر جنوبی پنجاب کو اس کے حصّے سے زائد پانی فراہم کرر ہا ہے تا کہ کپاس کی زیادہ سے زیادہ رقبہ پر کاشت ممکن ہو سکے۔انہوں نے مزید کہا کہ امسال محکمہ آبپاشی کے سسٹم میں لیکن اس کے باوجود محکمہ آبپاشی اپنی منصوبہ بندی میں جنوبی پنجاب کے کاشتکاروں کی ضروریات کو ترجیحاً مدِنظر رکھے ہوئے 27 فیصد پانی کی کمی کے باوجود بہتر منصوبہ بندی سے جنوبی پنجاب کے کاشتکاروں کو پانی ترجیحاً فراہم کیا جا رہا ہے۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ جنوبی پنجاب میں کپاس کی کاشت کے حوالے سے آئندہ پندرہ روز نہایت اہم ہیں ۔کپاس کی کاشت کے ہدف کے حصول کے لئے پانی کی فراہمی بیحد ضروری ہے تا کہ زیادہ سے زیادہ رقبہ کپاس کے زیر کاشت لایا جا سکے۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ جنوبی پنجاب میں پانی کی دستیابی سے متعلق محکمہ زراعت اور آبپاشی کے افسران کی جوائنٹ مانیٹرنگ، پانی چوری کے واقعات کی فوری رپورٹ اور ایسا کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق فوری کاروائی عمل میں لائی جا رہی ہے تا کہ کپاس کی کاشت کا ہدف پورا کرنے کے لئے کاشتکاروں کو یکساں طور پر نہری پانی کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔

☆☆☆☆